سوال

(316)سیاہ پگڑی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فتح مکہ اور حجة الوداع کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمامہ باندھا ہوا تھا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کئی ایک احادیث صحیحہ میں یہ بات موجود ہے کہ جب آپ نے مکہ فتح کیا تو آپ نے سیاہ عمامہ باندھا ہوا تھا اور اسی حالت میں مکہ داخل ہوئے، جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ والے دن جب مکہ داخل ہوئے تو آپ احرام کے بغیر سیاہ عمامہ باندھے ہوئے تھے۔ (صحیح مسلم کتاب الحج باب دخول مکة بغیر احرام 451/1358، سنن ابی داؤد کتاب اللباس باب فی العمائم 4067)

عمرو بن حریث اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر دیکھا آپ پر سیاہ عمامہ تھا اس کا شملہ آپ نے دونوں کندھوں کے درمیان لٹکایا ہوا تھا۔ (صحیح مسلم کتاب الحج باب دخول مکہ بغیر احرام 352/359۔ سنن ابی داؤد کتاب اللباس باب فی العمائم 3077) حجة الوداع کے متعلق حدیث فی الحال مجھے معلوم نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الادب، صفحہ: 404

محدث فتویٰ